# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 6, 2026

## SECP Concludes Enforcement Proceedings Against Non-Compliant SOEs, Imposes Penalties

**ISLAMABAD, June 6:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has concluded enforcement proceedings against 36 State-Owned Enterprises (SOEs), imposing monetary penalties totaling PKR 3.175 million through 46 adjudication orders, while issuing warning orders in 12 cases.

In March 2026, the SECP issued 66 Show Cause Notices (SCNs) to 41 State-Owned Enterprises (SOEs) for non-compliance with statutory reporting and corporate governance requirements.

The violations included failure to submit annual audited financial statements and annual returns within the prescribed timelines, non-compliance with disclosure requirements, and breaches of the Corporate Governance Regulations. To date, proceedings have been concluded in 58 cases.

As part of the government's reform agenda to strengthen transparency, accountability, and governance in the SOE sector, the SECP has enhanced its oversight of State-Owned Enterprises and is taking measures to ensure effective compliance with the Companies Act and Corporate Governance framework.

The minimum penalty imposed was PKR 25,000 for failure to file annual returns, while a penalty of PKR 50,000 was imposed for failure to file both annual returns and financial statements. The highest penalty, amounting to PKR 225,000, was imposed for repeated non-compliance with statutory filing requirements. Collectively, penalties totaling PKR 3.175 million were imposed.

The proceedings were concluded after due process, including providing the concerned SOEs with sufficient opportunity to respond to the SCNs and present their case during hearings.

Several companies regularized their compliance by filing outstanding annual returns following the issuance of SCNs. To facilitate compliance, the SECP also established a dedicated help desk to assist SOEs in the submission of annual returns and other statutory filings.

Copies of the adjudication orders have been shared with the relevant Principal Accounting Officers (PAOs) of the concerned SOEs and the Director General of the Central Monitoring Unit (CMU) for information and necessary follow-up.

The SECP has advised all SOEs to strengthen their internal compliance systems, ensure timely fulfilment of statutory obligations, and improve governance practices to avoid future enforcement action.

## SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

# PRESS RELEASE

For immediate release
June 6, 2026

## ایس ای سی پی کی سالانہ ریٹرن جمع نہ کرانے والی سرکاری کمپنیوں کے خلاف کارروائی، 31 لاکھ روپے مالیت کے جرمانے عائد

اسلام آباد، 6 جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے 36 سرکاری ملکیتی اداروں (ایس او ایز) کے خلاف شوکاز کارروائیاں مکمل کرتے ہوئے مجموعی طور پر 31 لاکھ 75 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے ہیں۔

ایس ای سی پی نے اس سال مارچ میں 41 سرکاری ملکیتی کمپنیوں کو 66 شوکاز نوٹسز جاری کیے تھے۔ کمپنیوں کی جانب سے مقررہ مدت کے اندر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ ریٹرنز جمع نہ کرانے، معلومات کی فراہمی تقاضوں پر عمل نہ کرنے، اور کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز کی دیگر خلاف ورزیاں پر جاری کیے گئے تھے۔ اب تک 58 شوکاز نوٹس میں کارروائی مکمل کی جا چکی ہے جبکہ پانچ کمپنیوں کو جاری شوکز نوٹس پر پراسیڈ نگ ابھی جاری ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کیے گئے 58 فیصلوں میں سے 46 شوکاز نوٹسز پر مالی جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ 12 نوٹسز میں تنبیہی احکامات جاری کیے گئے۔ سالانہ ریٹرن جمع نہ کرانے پر کم از کم 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا، جبکہ سالانہ ریٹرن اور مالیاتی گوشوارے دونوں جمع نہ کرانے پر 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مسلسل اور بار بار قانونی تقاضوں کے مطابق فائلنگ نہ کرنے پر زیادہ سے زیادہ 2 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مجموعی طور پر 31 لاکھ 75 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

سرکاری ملکیتی اداروں میں شفافیت، اکاؤنٹیبلٹی اور گورننس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی اصلاحاتی کوششوں کے تحت، ایس ای سی پی سرکاری ملکیتی کمپنیوں میں کمپنیز ایکٹ اور کارپوریٹ گورننس کے تقاضوں پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔

ایس ای سی پی نے شوکاز پراسیڈ نگ کے تمام قانونی تقاضے مکمل کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو نوٹسز کا جواب دینے اور سماعتوں کے دوران اپنا مؤقف پیش کرنے کے لیے مناسب وقت دیا۔

شوکاز نوٹسز کے اجرا کے بعد کئی اداروں نے اپنے زیر التوا سالانہ ریٹرنز جمع کرا کے قانونی تقاضوں کی تکمیل بھی کی، تاہم ان کمپنیوں کی جاب سے لیٹ فائلنگ کرنے پر قانون کے مطابق جرمانے عائد کیے گئے۔ ایس ای سی پی نے سرکاری ملکیتی کمپنیوں کو سالانہ ریٹرنز اور دیگر قانونی دستاویزات جمع کرانے میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے ایک سہولت ڈیسک بھی قائم کیا ہے۔

ایس او ایز پر جرمانے عائد کیے جانے کے فیصلوں کی نقول متعلقہ اداروں کے پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسرز اور سنٹرل مانیٹرنگ یونٹ کے ڈائریکٹر جنرل کو ضروری کارروائی کے لیے ارسال کر دی گئیں ہیں۔

ایس ای سی پی نے تمام سرکاری ملکیتی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کارپوریٹ گورننس کی کمپلائنس کو مزید مؤثر بنائیں اور قانونی تقاضوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔